مولانا جلال الدین حقانی کے مجاہد بھائی مولانا محمد اسمٰعیل کی شہادت

گذشتہ ماہ جہاد افغانستان پکتیا محاذ کے معروف جرنیل مولانا جلال الدین حقانی کے بھائی کمانڈر محمد اسمٰعیل صاحب معرکہ جہاد میں زبردست سرفروشی اور قربانی اور بے مثال جرأت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی مطلوب و محبوب "شہادت" کے حصول میں کامیاب ہو گئے۔ اور وصالِ حقیقی سے سرشار اور سرفراز ہوئے۔ مرحوم بھی اپنے بھائی کی طرح بہادر، نڈر، جذبۂ جہاد سے سرشار اور ہر محاذ پر قائدانہ کردار کے حامل رہے۔ اپنے بھائی کی معاونت میں اطاعت اور وفاداری کا ایک نمونہ تھے۔

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق رح اور مرکز علم دارالعلوم حقانیہ سے عشق اور گرویدگی کی حد تک تعلق تھا۔ فرماتے، جہاد میں جب بھی کوئی مشکل مرحلہ پیش آتا تو شیخ الحدیث مولانا عبدالحق رح کی خواب میں زیارت، و ملاقات ہو جایا کرتی تھی۔ ہماری ڈھارس بندھ جاتی اور یقین ہوتا کہ پیش آمدہ مہم میں ہدف صحیح اور کامیابی یقینی ہے۔ اور پھر عملاً ایسا ہی ہوتا۔ مرحوم کی نماز جنازہ میراں شاہ میں ہوئی۔

مولانا حافظ انوار الحق اور دارالعلوم کے اکابر اساتذہ نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔ مرحوم کی وفات سے اگرچہ مولانا جلال الدین اور تحریک مزاحمت ایک نڈر سپاہی اور جرنیل سے محروم ہو گئے۔ مگر وہ اپنے رفقاء و معاصرین کے لئے نشان راہ ہو گئے۔ اللھم ارض عنہ وارفع درجتہ آمین۔

دارالعلوم اپنے روحانی فرزند مولانا جلال الدین حقانی اور افغان مجاہدین کے ساتھ اس صدمے میں برابر کا شریک اور اسے اپنا عظیم سانحہ سمجھتا ہے۔ باری تعالیٰ مرحوم کو بے مثال قربانی پر اجر جزیل عطا فرماوے۔ اور شہید کے خون شہادت کے صدقے گلشن اسلام کو دشمن کے تاخت و تاراج سے محفوظ رکھے۔

(عبدالقیوم حقانی)

دفاع امام ابوحنیفہ رح

تصنیف، مولانا عبدالقیوم حقانی

صفحات ۳۲۰ قیمت مجلد ۵۷ غیر مجلد ۴۵

جس میں امام اعظم ابوحنیفہ رح کی سیرت و سوانح، علمی و تحقیقی کارنامے، تدوین فقہ، قانونی کونسل کی سرگرمیاں، دلچسپ مناظرے، حجیت اجماع و قیاس پر اعتراضات کے جوابات، دلچسپ واقعات، نظریہ انقلاب و سیاست، فقہ حنفی کی قانونی حیثیت و جامعیت، تقلید و اجتہاد کے علاوہ قدیم و جدید اہم موضوعات پر سیر حاصل تبصرے

مؤتمر المصنفین ـــ دارالعلوم حقانیہ ـــ اکوڑہ خٹک ـــ پشاور